© rasailojaraid.com

## رسائل ومسائل

# قربانی کے لیے جانوروں کی عمریں

(بعض وجوہ سے اس مضمون کے شائع ہونے میں تاخیر ہو گئی ہے۔ تاہم مسئلہ اور اس کے جواب کی اہمیت اپنی جگہ قائم ہے۔ (ادارہ)

**سوال:** مسئلہ درپیش ہے کہ قربانی کا جانور (بکرا، چھترا، دنبہ) ایک سال کا ہونا چاہیے۔ یا دو دانت ہونا ضروری ہے۔ مع مسئلہ حدیث اور دیگر احادیث جو بھی آپ کے پیشِ نظر ہوں، کی روشنی میں جواب ارسال فرمائیں۔ یا بہتر یہ ہے کہ عام قارئین کے لیے ترجمان القرآن یا ہفت روزہ ایشیا میں اشاعت فرما دیں۔ آپ کی مہربانی ہوگی۔ میرے ذہن میں یہ بات پختہ تھی کہ جانور ایک سال کا ہونا چاہیے۔ لیکن میرے ایک اہلحدیث دوست نے مجھے یہ حدیث لکھ کر دی ہے۔

عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تذبحوا الا مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ یُعْسَرَ علیکم فتذبحوا جذعۃً من الضأن۔ (رواہ مسلم)

مجھے امید ہے کہ آپ اپنے قیمتی وقت میں سے اس کارِ خیر کے لیے ضرور وقت نکال کر رہنمائی فرمائیں گے۔

**جواب:**

قربانی کے لیے جانوروں کی عمریں متعین ہیں۔ بکرا، بکری، دنبہ، چھترا وغیرہ ایک سال کا اور گائے وغیرہ دو سال کی۔ بلکہ بھیڑ اور دنبہ اگر سال سے کم بھی ہو لیکن خوب فربہ اور تیار ہو اور سال بھر کا معلوم ہوتا ہو تو وہ بھی جائز ہے، البتہ چھ مہینے سے کم کسی صورت میں نہ ہو۔ اس مسئلہ میں احادیث اور فقہا کی آراء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



درج ذیل ہیں:

۱۔ عن ابی کباش قال جلبت غنماً جذعا الی المدینة فکسدت علی فلقیت ابا ھریرة فسألته فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول نعم او نعمت الاضحیة الجذع من الضأن قال فانتھبه الناس۔

(رواہ الترمذی ومسلم)

ترجمہ: حضرت ابی کباش سے روایت ہے کہ میں جذعہ کی عمر کی بکریاں مدینہ لایا ——— (تاکہ ان کو فروخت کردوں) تو ان کی طرف کسی کو رغبت نہ ہوئی (اس لیے کہ ان کی عمریں کم تھیں اور لوگوں کا خیال تھا کہ ان کی قربانی نہیں ہو سکتی۔ اس لیے کوئی خریدنے کے لیے تیار نہیں تھا)۔ میں حضرت ابوہریرہ سے ملا اور جذعہ کی قربانی کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ جذعہ کی قربانی بھی قربانی ہے۔ حضرت ابوکباش فرماتے ہیں کہ اس کے بعد لوگ میری بھیڑوں اور دنبوں پر خریدنے کے لیے ٹوٹ پڑے۔

۲۔ عن عقبة بن عامر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطاہ غنماً یقسمھا فی اصحابه ضحایا فبقی عتود او جدی فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ضح به انت۔ (رواہ الترمذی والمسلم وقال الترمذی حدیث حسن صحیح)

ترجمہ:۔ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے ان کو بھیڑ بکریاں دیں تاکہ وہ انہیں آپ کے اصحاب میں قربانی کے لیے تقسیم کر دیں۔ ان میں سے ایک "عتود" یا جدی باقی بچا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس سے تو قربانی کر۔ (ترمذی، مسلم۔ یہ حدیث حسن اور صحیح ہے)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ان احادیث سے ثابت ہے کہ "جذعہ" اور "عتود" کی قربانی بالکل جائز اور صحیح ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ "جذعہ" اور "عتود" کسے کہتے ہیں۔

۱۔ مشہور اہل حدیث عالم علامہ عبدالرحمٰن مبارک پوری نے اپنی کتاب تحفۃ الاحوذی شرح جامع الترمذی کے صفحہ نمبر ۳۵۵ باب فی الجذع من الاضاحی میں "جذع" کا معنی کرتے ہوئے لکھا ہے:

"ھو وصف لسن معین من بھیمۃ الانعام فمن الضأن ما اکمل السنۃ وھو قول الجمھور وقیل دونھا"

یعنی جذعہ چوپایوں کی ایک خاص عمر کا وضعی نام ہے۔ بھیڑ اور دُنبہ میں جذعہ اس کو کہتے ہیں جو سال بھر کا ہو۔ اور بعض نے کہا ہے کہ وہ جانور ایک سال سے کم عمر کا نہ ہو۔ بہرحال جمہور کا قول سال والا ہے۔

۲۔ لغت کی مشہور کتاب، کتاب المخصص کے سفر سابع صفحہ نمبر ۱۸۶ پر جذعہ کا معنی کرتے ہوئے لکھا ہے:

فاذا تمت لہ سنۃ من مولدہ فھو "جذعۃ"

جب اُس کے وقت پیدائش سے لے کر ایک سال ہو جائے تو وہ جذعہ ہے۔

۳۔ وذکر الزعفرانی فی الاضاحی "الجذع ابن ثمانیۃ اشھر او تسعۃ اشھر۔

"بدائع الصنائع۔ ص ۷۰۔ ج ۵"

زعفرانی نے باب الاضاحی میں ذکر کیا ہے کہ جذعہ آٹھ مہینے یا نو مہینے کے بچے کو کہتے ہیں۔ یعنی سال کے لگ بھگ کے بچے کو جذعہ کہتے ہیں۔"

دوسری حدیث میں "عتود" کی قربانی کا ذکر آیا ہے۔ اب دیکھیے کہ "عتود" کسے کہتے ہیں:-

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۱۔ قال اهل اللغة العتود من اولاد المعز خاصة وهو مارعی وقوی قال الجوهری وغیره هو ما بلغ سنة
(شرح الکامل للنووی صفحہ ۱۵۵۔ جلد ۲۔ باب سن الاضاحی)

"امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ اہلِ لغت کے نزدیک عتود اس بکرے یا بکری کو کہتے ہیں جو چر کر خوب قوی اور موٹا ہو چکا ہو اور جوہری اور دوسروں نے کہا ہے کہ عتود وہ ہے جس کی عمر ایک سال ہو۔

۲۔ اہلِ حدیث عالم علامہ عبدالرحمٰن مبارک پوری رحمۃ اللہ لکھتے ہیں:

هو من اولاد المعز مارعی وقوی واتی علیه الحول

(تحفة الاحوذی)

"عتود" اُس بکرے بکری کو کہتے ہیں جو خوب موٹا تازہ ہو اور ایک سال کا ہو۔

پس ان حوالہ جات سے ثابت ہوا کہ فقہا اور اہلِ لغت کے نزدیک ۔۔۔! جذعہ ایک سال کے لگ بھگ بھیڑ یا دُنبہ کو کہتے ہیں اور عتود یا جذی ۔۔۔ ایک سال کے لگ بھگ بکرا یا بکری کو کہتے ہیں۔ اور احادیث بالا سے ان دونوں کی قربانی کا جواز ثابت ہوا۔ اب اس بارے میں فقہائے احناف کی آراء ملاحظہ کیجیے۔

مفتی اعظم پاکستان مفتی شفیع صاحب جواہر الفقہ کے صفحہ نمبر ۴۴۹ میں لکھتے ہیں

۱۔ "بکرا بکری کے لیے ایک سال کا ہونا ضروری ہے۔ بھیڑ اور دُنبہ اگر اتنا فربہ ہو کہ دیکھنے میں سال بھر کا معلوم ہوتا ہو تو وہ بھی جائز ہے۔" (جواہر الفقہ)

۲۔ مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"بکرا ایک سال سے کم درست نہیں مگر بھیڑ اور دُنبہ چھ مہینے کا اگر خوب فربہ ہو تو وہ بھی درست ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ۔ ص ۵۵۲)

۳۔ مفتی اعظم ہند مفتی کفایت اللہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"قربانی کے لیے جانوروں کی عمریں معین ہیں۔ بکرا بکری ایک سال کا ہو اور گائے دو سال کی۔ چونکہ اکثر حالات میں جانوروں کی صحیح عمریں معلوم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہیں ہوتیں۔ اس لیے اس کے دانتوں سے عمر معلوم کرنے اور اس پر عمل کرنے کا احتیاطاً حکم دیا گیا ہے۔

مسنۃ کے معنی سال بھر والے اور دانتوں والے دونوں کے ہو سکتے ہیں لیکن سال بھر کا ہونا کسی بکرے کا جس کی تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو یا مشتبہ ہو بغیر دو دانتوں کے معلوم نہیں ہو سکتا۔ اس لیے عام حکم یہی دینا مناسب تھا اور وہی دیا گیا۔ (کفایت المفتی جلد ۸ کتاب الاضحیۃ)

۴۔ جذع کے بارے میں خصوصاً محدثین نے بھی اتفاقاً لکھا ہے کہ اس کی قربانی جائز ہے۔ چنانچہ جامع الترمذی میں امام ترمذی نے لکھا ہے۔

والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی وغیرهم ان الجذع من الضان یجزی فی الاضحیة۔

رسول کریمؐ کے صحابہ کا عمل اسی پر ہے کہ جذع کی قربانی جائز ہے۔

صاحب تحفۃ الاحوذی لکھتے ہیں:

وذهب الجمهور الی الجواز وهو الحق یدل علیه احادیث الباب (تحفۃ الاحوذی۔ ص ۳۵۶) جمہور علماء اس طرف گئے ہیں کہ یہ جذع کی قربانی) جائز ہے۔ اور یہی حق ہے جس پر اس باب کے احادیث بھی دلالت کرتے ہیں۔

آپ نے جو حدیث لکھ کر بھیجی ہے اُس کے بارے میں خود مسلم شریف کے شارح علامہ نووی نے لکھا ہے: قال الجمهور هذا الحدیث محمول علی الاستحباب والافضل (شرح الکامل للنووی صحیح مسلم ص ۱۵۵ جلد ۲) جمہور علماء نے اس حدیث کو استحباب اور افضلیت پر محمول کیا ہے۔ یعنی مستحب اور بہتر یہ ہے کہ مسنۃ کی قربانی کی جائے اور اگر کسی وجہ سے یہ مہیا نہ ہو تو جذع کی قربانی کی جائے۔ آگے چل کر امام نووی اسی حدیث کے ذیل میں لکھتے ہیں: ولیس فیه تصریح بمنع جذعة الضان وانها لا تجزی (حوالہ ایضاً مسلم شریف شرح الکامل للنووی) اور اس حدیث میں ایسی کوئی صراحت نہیں کہ سال بھر کا بھیڑ، دنبہ قربانی میں منع ہے یا یہ کہ یہ جائز نہیں)۔

(مولانا عبدالمالک)

© rasailojaraid.com